
## ایسی پانچ چیزیں جو آپ ہمارے آبی راستوں کو محفوظ رکھنے میں مدد دینے کے لیے کر سکتے ہیں

ہماری کھاڑیوں اور ندیوں میں داخل ہونے سے پہلے اسٹارم واٹر (طوفانی بارش کا پانی) پر برائے نام ہی صفائی کا عمل انجام دیا جاتا ہے۔ گھر پر ہماری کارروائیاں آپ کی کمیونٹی کے اسٹارم پونڈس (طوفانی بارش کے تالابوں) میں موجود پانی کے معیار میں، اور ہمارے ماحول میں پانی کے معیار میں ایک فرق لا سکتی ہیں۔



- پرنالوں کا رخ سبزہ زاروں اور باغیچوں کی طرف کریں یا رین بیرل کا استعمال کریں۔




- کھادوں اور کیڑے مار دواؤں کا استعمال کم کریں۔



- اپنے گیراج اور راستے سے ملبہ کو جھاڑو سے ہٹائیں بجائے اس کے کہ اسے دھونے کے لیے پائپ کا استعمال کریں۔



- اپنی کار کو اپنے راستے کی بجائے کسی کار واش میں دھوئیں۔



- اپنے پالتو جانور کا فضلہ اٹھا لیں خواہ گھر پر ہو یا کہیں اور۔

## کارآمد لنکس:

کیلگری میں فضلہ کو صحیح طریقہ سے ٹھکانے لگانے کے لیے تین لینڈ فل ہیں:

**مشرقی کیلگری لینڈ فل**
3801 - 68th St. S.E.

**شیپارڈ لینڈ فل**
12111 - 68th St. S.E.

**اسپائی ہل لینڈ فل**
11808 - 69th St. N.W.

کسی چیز کی صحیح طریقہ سے ریسائیکلنگ یا ٹھکانے لگانے کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے لیے **calgary.ca/whatgoeswhere** دیکھیں۔

کیلگری میں آؤٹ ڈور اسکیٹنگ رنکس کی فہرست کے لیے **calgary.ca/CSPS/Parks/Pages/Locations/Outdoor-skating-rinks.aspx** دیکھیں۔ کیلگری شہر کے دیگر تفریحی پروگراموں کے لیے **calgary.ca/recreation** دیکھیں۔

کیلگری میں اور اس کے آس پاس مچھلی پکڑنے سے متعلق معلومات کے لیے **www.albertafishingguide.com** دیکھیں۔
اپنی بلا موٹر والی بوٹنگ کی تمام ضروریات (کینوئنگ اور سیلنگ وغیرہ) کے لیے گلین مور ریزروائر میں تشریف لائیں۔ مزید جانکاری کے لیے **calgary.ca** دیکھیں۔


کیلگری کے اسٹارم پونڈس کا نظم دی سٹی آف کیلگری کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور وہ گھاس پھوس، بحری کائی اور گاد کے جماوڑے پر قابو رکھنے کے لیے دیکھ بھال کے تابع ہے۔

کسی بھی قسم کے مسائل اور تشویشات کے لیے **311** سے **رابطہ کریں** اور اس بارے میں مزید جانکاری کے لیے **calgary.ca** دیکھیں کہ دی سٹی اسٹارم پونڈس کا نظم کس طرح کرتی ہے۔

Calgary

# اسٹارم پونڈ کیا ہوتا ہے؟

اسٹارم پونڈس گاد، کھاد، کیڑے مار دوائیں اور آلودگی پھیلانے والی دیگر چیزیں ہٹانے میں مدد کر کے ہماری ندیوں کو محفوظ رکھتے ہیں، اور اسی طرح ہماری کمیونٹیز کو سیلاب سے تحفظ فراہم کرتے ہیں۔



19-00118681

## یہ اسٹارم واٹر کے ساتھ شروع ہوتا ہے

جب بارش ہوتی ہے اور جب برف پگھلتی ہے تو پانی ہماری چھتوں، راستوں، سبزہ زاروں، گلیوں اور پیدل چلنے کی پٹڑیوں سے بہتا ہے۔ یہ اسٹارم واٹر آپ کے گھر سے میل کچیل صاف کرتا ہے اور ہماری کمیونٹیز سے ہو کر، راستے میں گرد و غبار، کنکریاں اور آلودگی پھیلانے والی چیزیں اکٹھا کرتے ہوئے، اسٹارم ڈرینز (طوفانی بارش کی نالیوں) میں چلا جاتا ہے۔

## یہ ہماری ندیوں میں جاتا ہے

اسٹارم واٹر شہر کی گلیوں کی اسٹارم ڈرینز میں خالی ہوتا ہے جہاں بڑے بڑے زیر زمین پائپ اسے اسٹارم پونڈس میں پہنچا دیتے ہیں۔ سوائے اس صفائی کے عمل کے جو کوئی اسٹارم پونڈ فراہم کرتا ہے، یہ پانی بغیر کسی صفائی کے عمل کے ہماری ندیوں میں جاتا ہے۔

## اسٹارم پونڈس ہمارے آبی راستوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں

آپ کی کمیونٹی میں، زیر زمین پائپ اسٹارم واٹر کا رخ اسٹارم پونڈس کی طرف کر دیتے ہیں۔ اسٹارم پونڈ کو قدرتی واٹر ٹریٹمنٹ فیسیلیٹی سمجھیں جو اضافی اسٹارم واٹر کے اجراء پر قابو رکھتے ہوئے کمیونٹیز کو سیلاب سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔




## یہ ایک اسٹارم پونڈ ہے

اسٹارم پونڈ اسٹارم واٹر کو – اکٹھا کر کے کچھ دیر کے لیے روک لیتا ہے۔ اسٹارم پونڈس پانی کی رفتار اتنی دیر تک کم کر دیتے ہیں کہ گاد اور آلودگی پیدا کرنے والی چیزیں تہہ میں بیٹھ جائیں، جس سے ہماری ندیوں اور نالوں میں زیادہ صاف پانی واپس جانے میں مدد ملتی ہے۔




## صرف کام اور کوئی کھیل نہیں

اسٹارم پونڈس کو ایک اہم کام کرنا ہوتا ہے۔ وہ کمیونٹی کو سیلاب سے تحفظ فراہم کرتے ہیں اور اسٹارم واٹر کو صاف کرتے ہیں۔ تیزی سے تبدیل ہوتی ہوئی پانی کی سطحوں اور پانی کے خراب معیار کی وجہ سے، اسٹارم پونڈس تفریحی مقاصد کے لیے مناسب نہیں ہیں۔

**پانی سے باہر رہیں۔**
کسی بھی طرح سے (تیراکی، ویڈنگ، بوٹنگ کے ذریعہ) پانی کے ربط میں آنا خطرناک ہے اور سخت منع ہے۔

**اپنے پالتو جانوروں کو پانی سے دور رکھیں۔**
اپنے جانوروں کی صحت اور تحفظ کے لیے انھیں اسٹارم پونڈس سے دور رکھیں۔

**سردی میں برف سے دور رہیں۔**
تالاب میں سڑک کے نمک کا بہاؤ برف کو پتلا اور کمزور بنا دیتا ہے۔ پانی کی سطحیں اور بہاؤ تیزی سے تبدیل ہوتے رہتے ہیں جس سے اسکیٹنگ یا دیگر سرگرمیاں انتہائی خطرناک ہو جاتی ہے۔

**اسٹارم پونڈس میں اسٹاک یا فشنگ نہ کریں۔**
کسی اسٹارم پونڈ میں اسٹاک کرنا یا مچھلی ڈالنا غیر قانونی ہے۔ جارحانہ اقسام، وہ نقصان جس کا وہ سبب بنتی ہیں اور متعلقہ جرمانوں کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کرنے کے لیے **aep.alberta.ca/fish-wildlife/invasive-species** دیکھیں۔

**کسی اسٹارم پونڈ میں کچرا نہ ڈالیں۔**
کچرا یا پالتو جانوروں کا فضلہ فراہم کردہ کوڑے دانوں میں ڈالیں یا اسے لینڈ فل میں لے جائیں۔